نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام دوروزہ بین الاقوامی "پاکستان ہارٹی ایکسپو2022" کا انعقاد 29 جنوری کو کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اور ان سے بنی مصنوعات کو پیش کیا جائے گا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

امسال پاکستان ہارٹی ایکسپو میں 13 ممالک سے 50 سے زائد وفود شریک ہوں گے

لاہور 10 جنوری 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دوروزہ "پاکستان ہارٹی ایکسپو2022" کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں ،سبزیوں اور ان سے بنی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔اس ضمن میں 29 اور 30 جنوری کو سٹالز ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے جائیں گے۔امسال پاکستان ہارٹی ایکسپو میں روس،تاجکستان،ازبکستان، بیلا روس ،قازقستان،سعودی عرب ،دوبئ،قطر،بحرین،سری لنکا،انڈونیشیا، ملائیشیا اور ترکی سے ماہرین،ایکسپوٹرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز شریک ہوں گے۔اس نمائش کے ذریعے 5 ملین ڈالر کے ایم او یو پر دستخط ہونے کی توقع ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی تین نمائشوں کا انعقاد کروا چکا ہے جس میں مجموعی طور پر 15 ممالک سے 100 وفود نے شرکت کی اور ان نمائشوں کے ذریعے پاکستانی برآمدات میں 10.2 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان ہارٹی ایکسپو2022 کے انعقاد سے ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے جو پاکستانی مصنوعات کو پوری دنیا میں متعارف کروانے کا ذریعہ بنے گا اور ہماری ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔مزید معلومات اور سٹالز کی بکنگ کیلئے خواہشمند حضرات اسٹیبلشمنٹ آف ماڈل فارم پراجیکٹ، 21۔ڈیوس روڈ لاہور یا دفتری اوقات میں فون نمبر 042-99205071-73 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆